# بخدمت عالی مرتبت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

**عنوان: اعتراضات زیر سیکشن 21 الیکشن ایکٹ 2017ء (جسے الیکشن رولز 2017ء کے ساتھ مل کر پڑھا جائے) برخلاف ابتدائی ڈرافٹ حلقہ بندی صوبائی حلقہ جات PP-255 تا PP-267 ضلع رحیم یار خاں**

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض کرتا ہے۔

1۔ یہ کہ سائل سجاد حسین ولد چوہدری فضل محمد شناختی کارڈ نمبر 31303-5410759-7 کا انتخابی علاقہ ،موضع مہران بلاک کوڈ 252070507 ،ووٹ نمبر 493 حلقہ PP-261 میں درج ہے اس طرح رجسٹرڈ ووٹر ہے۔

2۔ یہ کہ سائل کے ضلع رحیم یار خاں کے صوبائی حلقہ جات PP-255 تا PP-267 کی مجوزہ ابتدائی ڈرافٹ حلقہ بندی کا مطالعہ کرنے پر مشاہدے میں آیا ہے کہ اگرچہ ضلع رحیم یار خاں کے 13 صوبائی حلقہ جات برقرار رکھے گئے ہیں لیکن صوبائی حلقہ 261 کی حلقہ بندی الیکشن ایکٹ 2017ء کے سیکشن 20 اور الیکشن رولز 2017ء کے رول 10(3) میں درج تصریحات، قانونی تقاضوں اور زمینی حقائق کے خلاف بنائی گئی ہے جس پر سائل کو حسب ذیل اعتراضات ہیں:۔

(i) یہ کہ کسی بھی صوبائی حلقہ کی حلقہ بندی کرتے وقت الیکشن ایکٹ 2017ء کے سیکشن 20 اور الیکشن رولز 2017ء کے رول (5) اور 10(3) میں درج قانونی تقاضوں کو پورا کرنا لازمی ہے لیکن ان قانونی تقاضوں کو پورا نہیں کیا گیا۔

(ii) یہ کہ درج بالا قانون کے تحت ہر صوبائی حلقہ Contiguous، ہم پہلو اور ٹھوس ہونا لازمی ہے اور ممکنہ حد تک آبادی برابر ہو۔ تاہم 10% کم وبیش کی اجازت ہے لیکن اس امر کا بھی فقدان پایا گیا ہے۔

(iii) یہ کہ قانون کا تقاضا ہے کہ حلقہ بندی بے جوڑ نہ ہو بلکہ یکسو ہو۔

(iv) یہ کہ حلقہ میں ووٹروں اور عوام الناس کی آمد ورفت اور سفری سہولیات اور جغرافیائی مطابقت کے 13 صوبائی حلقہ جات برقرار رکھے جانے چاہیے تھے لیکن اس امر کو بھی ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا۔ لہذا ڈرافٹ ابتدائی حلقہ بندی صوبائی حلقہ جات ضلع رحیم یار خاں قابل ترمیم واصلاح ہے۔

(vi) یہ کہ ضلع رحیم یار خاں کی موجودہ آبادی 4814006 نفوس پر مشتمل ہے جبکہ 13 صوبائی حلقہ جات کے لیے اوسط فی حلقہ آبادی 370308 نفوس پر مشتمل ہونا لازمی ہے لیکن بعض حلقوں میں اس اوسط آبادی کو نظر انداز کیا گیا ہے اس لیے بھی ابتدائی ڈرافٹ حلقہ بندی صوبائی حلقہ جات ضلع رحیم یار خاں میں ترمیم کر کے منظور کرنا ضروری ہے۔

(vii) یہ کہ ضلع رحیم یار خاں کے صوبائی حلقہ نمبر 261 کی حلقہ بندی کرتے وقت اس امر کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا۔ ایک طرف قانونگو حلقہ باغ و بہار تحصیل خان پور سے شروع ہوتا ہے اور دوسری طرف قانونگو حلقہ تاج گڑھ رحیم یار خاں تک پہنچتا ہے۔ اس طرح درمیانی فاصلہ 70 سے 75 کلو میٹر تک کا ہے جو عوامی سہولیات اور مفاد عامہ کے خلاف ہے۔ شاید ہی پنجاب بھر میں کوئی حلقہ اتنے وسیع فاصلہ پر محیط ہو۔

(viii) یہ کہ ضلع رحیم یار خاں کا مجوزہ صوبائی حلقہ نمبر 261 کا طول عرض/علاقہ قومی اسمبلی کے چار حلقوں پر محیط ہے۔ یہ حلقہ اتنا بے ترتیب بنایا گیا ہے کہ اسکا قانونگو حلقہ باغ و بہار تحصیل خان پور قومی اسمبلی کے حلقہ 176 رحیم یار خاں میں۔ قانونگو حلقہ کوٹ سمابہ محال قومی اسمبلی کے حلقہ 177 رحیم یار خاں میں۔ قانونگو حلقہ تاج گڑھ اور پٹوار سرکل واہی جمن شاہ قومی اسمبلی کے حلقہ 178 میں جبکہ میونسپل کمیٹی کوٹ سمابہ، قانونگو حلقہ ترنڈہ سوائے خاں، پٹوار سرکل اسلم آباد، پٹواری سرکل بہشتی، پٹوار سرکل چنہ اور پٹوار سرکل کوٹلہ ایوب کے علاقہ جات قومی اسمبلی کے حلقہ 179 رحیم یار خاں کی حدود میں آتے ہیں۔ اس طرح ایک صوبائی حلقہ قومی اسمبلی کے چار حلقہ جات NA-176، NA-177، NA-178 اور NA-179 تک وسیع ہو کر پھیلا ہوا ہے۔ اس سے بادی النظر میں چاروں منتخب ممبران قومی اسمبلی کی دلچسپی برائے ترقیاتی امور و عوام کی فلاح و بہبود ایک دوسرے پر بھروسے کی وجہ سے اتنی موثر نہ ہو گی جتنی ہونی چاہیے۔ نتیجتاً حلقہ PP-261 کی آبادی اور ووٹران متاثر ہوں گے۔ لہذا ضروری ہے کہ صوبائی حلقہ 261 کی حلقہ بندی کی اصلاح کر کے اس تاثر اور منفی عمل کو ختم کیا جائے۔

(ix) یہ کہ مندرجہ بالا وجوہات کو مدنظر رکھتے ہوئے سائل نے مفاد عامہ کے پیش نظر صوبائی حلقہ جات PP-255، PP-256، PP-257، PP-258، PP-259، PP-260، PP-261، PP-262، PP-263، PP-264، PP-265، PP-266 اور PP-267 کی حلقہ بندی کی تجویز جو کہ الیکشن رولز 2017ء اور الیکشن ایکٹ 2017ء کے تقاضوں کے عین مطابق ہے ترتیب دے کر حسب ذیل مرتب کی

| حلقہ نمبر | علاقہ تفصیل | آبادی |
|---|---|---|
| **PP-255** | **تحصیل لیاقت پور کے درج ذیل قانون گو حلقہ جات**<br>سِدھو والی<br>اللہ آباد<br>**خان بیلہ قانون گو حلقہ کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>فاضل پور / دشتی<br>بخشو بھنڑ<br>ٹھل حمزہ<br>جھوک گلاب شاہ<br>بنہ رویا<br>**قانون گو حلقہ ترکڑی کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>ترنڈہ گرگیج<br>چک نمبر133/NP<br>چک نمبر137/NP<br>احمد یار | **3,56,466** |

4/12

| | | |
|---|---|---|
| PP-256 | تحصیل لیاقت پور کا درج ذیل قانون گو حلقہ<br>اشیدانی شریف<br>قانون گو حلقہ پکالاڑاں کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>امین آباد<br>چک نمبر 002/NP<br>جھونگ بلاول<br>کوٹلہ دولت<br>پکالاڑاں<br>قانون گو حلقہ خان بیلہ کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>اُنڑاں<br>بیٹ دیوان<br>قادووالی<br>خان بیلہ<br>ڈوفلی کبیر خان<br>تحصیل خان پور کے قانون گو حلقہ سموکا کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>کوٹ شاھاں<br>فتح پور کمال<br>واگھواں | 3,55,304 |

5/2

| | | |
|---|---|---|
| PP-257 | میونسپل کمیٹی لیاقت پور<br>تحصیل لیاقت پور کے درج ذیل قانون گو حلقے<br>عباسیہ-I<br>عباسیہ-II<br>L/1 عباسیہ (چولستان)<br>L/2 عباسیہ (چولستان<br>R/2 (چولستان)<br>R/7 چولستان<br>گلشنِ فرید (چولستان)<br>حیدر شاہ (چولستان)<br>ہیڈ فرید (چولستان)<br>قانون گو حلقہ تر کڑی ماسوائے درج ذیل پٹوار سرکل<br>ترنڈہ گرگیج<br>چک نمبر 133/NP<br>چک نمبر 137/NP<br>احمد یار<br>قانون گو حلقہ پکالاڑاں کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>عارف بلوچ<br>چوہڑ والا<br>چک نمبر 1/NP اضافی<br>چک نمبر 001/NP اضافی<br>ٹھیڑ پوستی | 3,59,997 |

| | | |
|---|---|---|
| PP-258 | تحصیل خان پور کے درج ذیل قانون گو حلقہ<br>نواں کوٹ<br>**قانون گو حلقہ باغ و بہار کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>ڈنیا پور<br>لاٹکی<br>موسیٰ کانجو<br>سجہ<br>**قانون گو حلقہ گڑھی اختیار خان کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>گھمل پیر<br>سیوارام<br>**قانون گو حلقہ ججہ عباسیاں کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>عظیم شاہ اضافی<br>عظیم شاہ<br>جام پور<br>ججہ عباسیہ<br>کوٹلہ پٹھان<br>میٹھا میرانی<br>جھوران<br>مکھن بیلہ<br>حلقہ قانونگو خانپور 1 درج ذیل پٹوار سرکل<br>گلن گلکالا<br>جھیڈہ بھٹہ<br>خانپور<br>موتی تھل<br>قانو گو حلقہ خانپور II درج ذیل پٹوار سرکل<br>امیر پور<br>تلے والا<br>واہی حضرت<br>میونسپل کمیٹی ظاہر پیر | 3,63,283 |

7/12

| | | |
|---|---|---|
| PP-259 | قانون گوحلقہ چاچڑاں شریف<br>قانون گوحلقہ رکن پور<br>قانون گوحلقہ سموکا کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>چوہدری<br>غازی برار<br>کوٹلی مراد<br>سموکا<br>لنجی وار<br>پائی آہنہ<br>قانون گوحلقہ کوٹ سمابہ محال کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>دنیا پور گا نگا<br>فتح پور قریشیاں<br>میاں والی قریشیاں<br>محمد پور گا نگا<br>سکندر آباد<br>قانون گوحلقہ راجن پور کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>دولت پور<br>احسان پور<br>قانون گوحلقہ پلوشاہ کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>رنگ پور | 3,65,525 |

8/12

| | | |
|---|---|---|
| PP-260 | میونسپل کمیٹی خان پور<br>قانون گو حلقہ ٹھٹھہ شیجناں<br>قانون گو حلقہ باغو بہار کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>شیر گڑھ<br>جھول<br>چک نمبر 31/P<br>ماڑی اللہ بچایا<br>مونڈی لاڑ<br>دنیا پور اضافی<br>ٹڈ الیاس<br>قانون گو حلقہ خانپور I کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>نیل گڑھ<br>شاہ محمد مڑل<br>قانون گو حلقہ خانپور II کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>پیر چنن پٹن<br>ٹڈ بھورا | 3,58,659 |

| | | |
|---|---|---|
| PP-261 | **تحصیل رحیم یار خان کا قانون گو حلقہ کوٹ سمابہ کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>بخش آرائیں<br>لال گڑھ<br>کوٹ سمابہ محال<br>سونک<br>ترنڈ پنوں خان<br>ترنڈہ صاحب یار خان<br>**میونسپل کمیٹی کوٹ سمابہ**<br>**قانون گو حلقہ ترنڈہ سوائے خان کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>اسلم آباد<br>بخشتی<br>چنہ<br>دڑی عظیم خان<br>واہی جمن شاہ<br>کوٹلہ ایوب خان<br>**قانون گو حلقہ تاج گڑھ کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>چک عباس<br>ڈیرہ شمس<br>کوٹ قطب<br>ترنڈہ علی مراد | 3,75,330 |

| | | |
|---|---|---|
| | قانون گو حلقہ راجن پور کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>آباد پور<br>ٹھل وزیر<br>قانون گو حلقہ پلوشاہ کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>بُھٹہ کوٹ<br>کرم آباد<br>پلوشاہ<br>ٹب چوہان | **PP-261** |
| **4,20,419** | میونسپل کمیٹی رحیم یار خان | **PP-262** |
| **3,82,758** | تحصیل رحیم یار خان کے درج ذیل قانون گو حلقے<br>بندور<br>رحیم یار خان-I<br>رحیم یار خان-II<br>قانون گو حلقہ ترنڈہ سوائے خان کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>امین گڑھ<br>سلطان پور<br>میونسپل کمیٹی ترنڈہ سوائے خان<br>قانون گو حلقہ کوٹ سمابہ آبادی<br>قانون گو حلقہ تاج گڑھ کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>ٹبی لاڑاں | **PP-263** |

11/2

| | | |
|---|---|---|
| 3,85,976 | قانون گوحلقہ پلوشاہ کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>بدلی شریف<br>کوٹ مہدی شاہ<br>پیر عبدالمالک<br>**تحصیل رحیم یارکان کا قانون گوحلقہ راجن پور کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>کوٹ کرم خان<br>ڈمنٹھار<br>مکھن بیلہ<br>قیصر جوہان<br>راجن پور<br>شیدوالا<br>شیریں<br>**قانون گوحلقہ تاج گڑھ کے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>اکرم آباد<br>علی پور ماچھیاں<br>بہودی پور ماچھیاں<br>کمال موہانہ<br>تھلواڑی<br>تاج گڑھ<br>**قانون گوحلقہ محمد پور** | PP-264 |
| 3,75,514 | تحصیل صادق آباد کے درج ذیل قانون گو حلقے<br>احمد پور لمہ<br>بھونگ<br>**میونسپل کمیٹی احمد پور لمہ**<br>**قانون گوحلقہ شہباز پور ماسوائے درج ذیل پٹوار سرکل**<br>کسمانی | PP-265 |

12/2 12

| | | |
|---|---|---|
| PP-266 | تحصیل صادق آباد کے درج ذیل قانون گو حلقے<br>ماچکا<br>کوٹ سبزل<br>ولہار<br>قانون گو حلقہ ٹلو گوٹھ ماسوائے درج ذیل پٹوار سرکل<br>جعفر پور<br>سینہ وار<br>قانون گو حلقہ شہباز پور کا درج ذیل پٹوار سرکل<br>قسمانی | 3,59,661 |
| PP-267 | تحصیل صادق آباد کے درج ذیل قانون گو حلقے<br>صادق آباد-I<br>صادق آباد-II<br>میونسپل کمیٹی صادق آباد<br>قانون گو حلقہ ٹلو گوٹھ کے درج ذیل پٹوار سرکل<br>جعفر پور<br>سینہ وار | 3,56,141 |
| | **کل آبادی ضلع رحیم یار خان** | 48,14,006 |

لہذا استدعا ہے کہ مفاد عامہ کے پیش نظر سائل کی مجوزہ حلقہ بندی صوبائی حلقہ جات PP-255 تا PP-267 ضلع رحیم یار خاں منظور فرمائی جا کر آئندہ ہونے والے انتخابات کے لیے نوٹیفائی فرمائی جاوے۔ تحریر:

**العارض**

درخواست گزار

2-11-2018

بذریعہ کونسل

خالد حسن خاں دُرانی